دسمبر 2018 | B.Ed Regular (بی۔ایڈ (ریگولر) | پہلاسمسٹر I Semester

پرچہ : تعلیم کی فلسفیانہ بنیادیں

Paper - BBED102CCT : Philosophical Foundations of Education

گھنٹے 3 Hrs : وقت : Time | Maximum. Marks 70 : جملہ نشانات

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) "Evolution of Educational Theory" کے مصنف ہیں؟

(a) ہربرٹ (b) کانٹ (c) ڈیوی (d) ایڈمس

(ii) ’’فلسفہ سائنس کی سائنس ہے‘‘۔ کس کا قول ہے؟

(a) ہربرٹ (b) کانٹ (c) ڈیوی (d) ارسطو

(iii) "How we Think" کتاب کے مصنف کون ہیں؟

(a) ہربرٹ (b) کانٹ (c) ڈیوی (d) پلیٹو

(iv) قومی تعلیمی پالیسی (1986) کے وقت وزیر تعلیم کون تھے؟

(a) ارجن سنگھ (b) کے۔سی۔پنت (c) جناردن ریڈی (d) پرنومکھر جی

(v) ’’سارے جہاں سے اچھا............ ہندوستاں ہمارا‘‘ یہ نظم علامہ اقبال کی کس کتاب میں شامل ہے؟

(a) ارمغان حجاز (b) بانگ درا (c) بال جبریل (d) ضرب کلیم

(vi) محمڈن اینگلو اورینٹل کالج علی گڑھ کب قائم ہوا؟

(a) 1898ء (b) 1886ء (c) 1888ء (d) 1875ء

(vii) رویندر ناتھ ٹیگور کو نوبل انعام کب ملا؟

(a) 1933ء (b) 1923ء (c) 1913ء (d) 1903ء

(viii) سانکھیہ فلسفہ کا بانی کسے کہا جاتا ہے؟

(a) سوامی ویویکانند (b) کالی داس (c) کپل (d) برمہانند

(ix) بین الاقوامی یوم اساتذہ کب منایا جاتا ہے؟

(a) 5،ستمبر (b) 5،اکتوبر (c) 5،نومبر (d) 5،دسمبر

(x) ’’رات رات بھر میں اس لیے جاگتا ہوں کیوں کہ میرا سماج سو رہا ہے‘‘۔ یہ قول کس کا ہے؟

(a) ڈاکٹر امبیڈکر (b) مولانا آزاد (c) گاندھی جی (d) علامہ اقبال

حصہ دوم

2. فلسفہ کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے اہم اجزاء کی وضاحت کیجیے۔

3. اسکولی تعلیم کے فروغ میں عیسائی مشنری کے کردار کا جائزہ لیجیے۔

4. بودھ زمانے کی تعلیم میں طلبا کو کن دس احکام "دس سکھا پدانی" کی پابندی کرنی ہوتی تھی؟ بیان کیجیے۔

5. علامہ اقبال کے مطابق تعلیم کے اہم مقاصد پر روشنی ڈالیے۔

6. ملک ہندوستان میں اعلیٰ تعلیم کے فروغ میں مولانا ابوالکلام آزاد کے کردار پر بحث کیجیے۔

7. اقدار کے تصور اور اس کی درجہ بندی سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ بیان کیجیے۔

8. اقدار کے فروغ میں مذہبی تعلیم کے کردار پر روشنی ڈالیے۔

9. ’’معلم معلومات کا "Facilitator and Creator" ہے اس قول کو ثابت کیجیے۔

حصہ سوم

10. ’’فلسفہ اور تعلیم ایک ہی سکّے کے دو پہلو ہیں‘‘ اس قول پر مدلل بحث کیجیے؟

11. موہن داس کرم چند گاندھی کے تعلیمی افکار کے تناظر میں موجودہ دور کی تعلیم کے مقاصد اور نظم وضبط کے طریقوں کا تجزیہ پیش کیجیے؟

12. فلسفہ وجودیت سے کیا مراد ہے؟ اس کے مطابق تعلیم کے مقاصد، نصاب، طریقہ تدریس اور نظم وضبط کیسا ہونا چاہئے؟ بیان کیجیے؟

13. اقدار کی نشو ونما کی مختلف طرز رسائی سے کیا مراد ہے؟ خوش آہنگ زندگی کے لیے اقدار کی اہمیت پر مدلل بحث کیجیے۔؟

14. آئندہ سماج کی عمدہ تعمیر کے تناظر میں معلم کی پیشہ وارانہ قابلیت اور سپردگی کی اہمیت پر تفصیلی وضاحت پیش کیجیے؟

☆☆☆

B.Ed Semester- First

BED 10CCT

Course Title: Philosophical Foundations of Education

ANSWER KEY OF OBJECTIVE QUESTIONS

D-1

B-2

C-3

B-4

B-5

D-6

C-7

C-8

B-9

A-10